# سعودی عرب

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by

ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## اسلام آباد، پاکستان میں مملکت سعودی عرب کا سفارت خانہ:

14 نارتھ سروس روڈ،
ڈپلومیٹک انکلیو G-4،
اسلام آباد، پاکستان۔

**ٹیلی فون:** (+92 51) 260-0900/1
**فیکس:** (+92 51) 227-8816
**ای میل:** pkemb@mofa.gov.sa۔
**ویب سائٹ:** embassies.mofa.gov.sa/sites/pakistan/۔

**سوشل میڈیا کے آفس اوقات:** 09:00 تا 16:00۔

## کراچی میں سعودی عریبیہ کا قونصلیٹ جنرل:

20-22 خیابان حافظ، فیز II,
ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان

**ٹیلی فون:** (+92) 51 260 0901؛ (+92) 51 282 0156
**فیکس:**
**ای میل:** pkcon@mofa.gov.sa۔

مشن کے سربراہ: جناب Faleh Al-Rehaili، قونصل جنرل

# مملک سعودی عرب کے ویزوں کی کیٹگریاں

## ویزوں کی کیٹگریوں کی فہرست

1. حج
2. عمرہ
3. بزنس(کمرشل)وِزٹ
4. فیملی ویزا
5. سرکاری ویزا
6. ذاتی وزٹ ویزا
7. بزنس ویزا
8. سیاحتی ویزا
9. ورک ویزا
10. ورکنگ وزٹ ویزا
11. عارضی ورک ویزا
12. موسمی ویزا
13. سفارتی ویزا
14. خصوصی ویزا
15. تنظیموں کا وزٹ اور اور سفارتی مشن ویزا
16. ٹرانزٹ ویزا
17. پروڈکٹ ویزا
18. سٹوڈنٹ ویزا
19. علاج کے لیے ویزا
20. ایسکارٹ ویزا
21. توسیع شدہ ریٹرن ویزا
22. رہائشی(ریذیڈنٹ ویزا)
23. ایکسپرٹ ویزا
24. بزنس مین ویزا

## ویزا کیٹگری کا تعارف

سعودی عریبیہ میں دس لاکھ سے زائد پاکستانی تارکینِ وطن آباد ہیں جو وہاں کام کرتے اور رہتے ہیں۔ ہر سال پاکستان سے ہزاروں افراد اُن سے ملنے جاتے ہیں۔ پاکستانی پاسپورٹ پر سعودی عریبیہ کا ویزا لگنے کا عمل بہت سادہ ہے۔ درخواست گزاروں کو فارم پُر کرنا اور پاکستان بھر میں قائم "اعتماد" ویزا مراکز میں جمع کروانا ہوتا ہے۔ پاکستان سے ویزا کی درخواست دینے والے تمام افراد کے لیے بایو میٹرکس کروانا بھی ضروری ہے۔ بایو میٹرکس بھی اعتماد ویزا مراکز پر ہی لیے جاتے ہیں۔

## حج ویزا

**تعارف:**

مملکت سعودی عرب میں داخل ہونے کے لیے حج ویزے / پرمٹس مسلمان زائرینِ حج کو جاری کیے جاتے ہیں۔ یہ ویزا بغیر فیس ہے اور صرف جدہ، مکہ اور مدینہ میں داخلے کے لیے کارآمد ہے۔

مملکت سعودی عرب میں پہنچنے پر زائرین کو اپنے پاسپورٹ "یونیفائیڈ ایجنٹس آفس" میں جمع کروانا ہوتے ہیں تا کہ مکہ اور مدینہ میں سفر کے حوالے سے کارروائی ہو سکے۔

**مراحل:**

- حج ویزا کی درخواست دینے والے کو کسی لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی کے ذریعے ہی اپلائی کرنا ہو گا۔
- براہِ مہربانی حج ویزا کے لیے اپلائی کرنے کے ضروری دستاویزات چیک کریں اور ٹیبل میں دیے گئے ویزا جاری کرنے کی مدت سے پہلے لائسنس یافتہ ٹریول ایجنٹ کے پاس جمع کروائیں۔
- تمام زائرین سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ اپنا بایو میٹرکس ڈیٹا VFS تسہیل ویزا سروس سنٹر میں دیں۔
- لائسنس یافتہ ٹریول ایجنٹ کے ذریعے یا کال سنٹر کے نمبر پر کال کر کے VFS تسہیل ویزا سروس سنٹر میں اپنے لیے ایک اپائنٹمنٹ لیں۔
- درخواست کے طریقہ کار کے متعلق مزید تفصیلات اور ضروری دستاویزات (جو ساتھ لے کر ویزا سروس سنٹر پر جانا ہے) کی فہرست کے لیے "اپلائی کیسے کرنا ہے" (How to apply) سیکشن دیکھیں۔
- 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو اپنا بایو میٹرکس ڈیٹا دینے کی ضرورت نہیں۔
- حج کمیٹیاں اور ایجنٹس MoFA سسٹ میں حج کی درخواستوں تک براہِ راست رسائی رکھتے ہیں اور مشن درخواستوں کا جائزہ لے گا اور ویزا جاری کرنے کا فیصلہ کرے گا۔

**ہدایات:**

- تمام نان ریذیڈنٹ اور نان GCC زائرین کو مملکت سعودی عرب کے اندر سفر کرنے کے لیے ویزا لینے کی ضرورت ہے۔
- خلیجی تعاون کونسل (GCC) کے ممالک کو حج کی غرض سے سعودی عرب میں داخلے کے لیے ویزے کی ضرورت نہیں، البتہ حج پرمٹ لینا ضروری ہے۔
- حج کے تین ہفتے کے دوران حج ویزا کے حامل مسافروں کو صرف جدہ یا مدینہ کے ذریعے سعودی عرب میں داخل ہونا ہو گا اور اُنھیں ریاست اور دمام کے راستے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے داخل ہونے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- مذکورہ بالا شرط کا اطلاق GCC کے سوا تمام ممالک کے شہریوں پر ہو گا جنھیں بغیر کسی قدغن کے قبول کیا جائے گا۔
- متحدہ عرب امارات کے تمام شہریوں کے لیے ضروری ہے کہ مملکت سعودی عرب کو جاتے اور وہاں سے آتے وقت اپنے پاسپورٹ ساتھ رکھیں اور خلیجی تعاون کونسل کے شناختی کارڈ سعودی حکام کے لیے قابلِ قبول نہیں۔
- مسافروں پر لازم ہے کہ اینٹری کے مقام پر سعودی حکام سے انسپکشن کروانے کے لیے اپنے ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ پاس رکھیں۔
- سعودی ریذیڈنٹ کارڈ میں نومولود کا اضافہ کرنا۔

مزید معلومات کے لیے مندرجہ ذیل ویب سائیٹ وزٹ کریں:

https://www.etimad.pk/etimad/html/PK/English/visa_information.jsp

## عمرہ ویزا

- سعودی عرب میں داخل ہونے کے لیے عمرہ کے ویزے مسلمان زائرین کو جاری کیے جاتے ہیں تاکہ وہ عمرہ ادا کر سکیں۔
- یہ ویزا مفت ہے اور سارے سال کے دوران اپلائی کیا جا سکتا ہے۔
- عمرہ کا ویزا 30 دن کے لیے کارآمد ہوتا ہے؛ البتہ زائرین کے لیے ضروری ہے کہ داخل ہونے کے بعد دو ہفتے کے اندر اندر عمرہ ادا کر کے سعودی عرب سے نکل آئیں۔
- ماہِ رمضان میں عمرے کا ویزا رمضان کے آخری دن سے بعد تک نہیں ہو سکتا اور زائرین کے لیے عید الفطر سے پہلے پہلے سعودی عرب سے واپس آ جانا ضروری ہے۔ بین الاقوامی معاہدوں اور خصوصی قوانین کی مطابقت میں مندرجہ ذیل اِس سے مستثنٰی ہیں:

## ادائیگی اور اپائنٹمنٹ (انفرادی حیثیت میں)

**مرحلہ 1:** ویب سائیٹ پر اپنی تفصیلات درج کر کے اپائنٹمنٹ لیں:

https://www.etimad.pk/etimad/opsys/auth/login

**مرحلہ 2:** اپائنٹمنٹ لیٹر کا پرنٹ لیں اور پاسپورٹ کے علاوہ تمام ضروری دستاویزات ساتھ لے کر مقررہ تاریخ پر ویزا سروس سنٹر جائیں۔

## درخواست دینے کے مراحل:

- درخواست گزار کو چاہیے کہ ویزا کی درخواست دینے سے پہلے ضروری دستاویزات حاصل کر لے۔
- درخواست گزار اِس کے بعد ویزا سروس سنٹر میں ویزا کی درخواست جمع کروا سکتا ہے۔
- درخواست جمع کروانے کے لیے اعتماد ویزا سروس سنٹر سے اپائنٹمنٹ لیں۔
- اپائنٹمنٹ کی تاریخ کو تمام دستاویزات ساتھ لے کر تصدیق کے لیے ویزا سروس سنٹر میں جائیں۔
- اعتماد ویزا سروس سنٹر میں اپنے دستاویزات جمع کروائیں اور بایو میٹرکس معلومات دیں۔

## درکار دستاویزات

1. پاسپورٹ۔
2. صرف بایو میٹرکس۔

**نوٹ:** حج اور عمرہ سیزن اور کمرشل وِزٹس کے دوران درخواست گزاروں سے استدعا ہے کہ ایئر ٹکٹ لائیں اور بایو میٹرکس کروائیں۔

## درخواست پر کارروائی کا دورانیہ

جو درخواستیں مِشن والے شہر سے ہی وصول ہوئی ہوں اُن کے لیے دستاویزات اگلے ورکنگ ڈے پر مشن کو بھیجی جاتی ہیں اور کسی اور شہر میں (جہاں مشن موجود نہیں) VSC پر موصول شدہ درخواستوں کے لیے دستاویزات 2 کام کے دنوں میں مشن تک پہنچتی ہیں۔ سعودی عرب کے

ویزے کی درخواست پر لگنے والا وقت عموماً آپ کے مہیا کردہ دستاویزات کے مکمل پن اور درستگی پر ہوتا ہے۔ اعتماد دستاویزات مکمل اور درست ہونے کے حوالے سے کوئی ذمہ داری نہیں لیتا۔ ہماری رائے ہے کہ آپ نیچے دیے گئے لنک کی مدد سے اپنی درخواست کا سٹیٹس چیک کریں:

## ویزا فیس

| نمبر شمار | فیس کی قسم | چارجز (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|
| 1 | سروس فیس—ریگولر اپائنٹمنٹ | 0 |
| 2 | سیلز ٹیکس برائے ریگولر اپائنٹمنٹ | 0 |
| 3 | لاؤنج سروس فیس | 1456 |
| 4 | سیلز ٹیکس برائے لاؤنج سروس فیس | 219 |

### اعلانِ لاتعلقی

- ’’اعتماد‘‘ سعودی عرب کے مشن / قونصلیٹ میں آپ کی ویزا درخواست کا نتیجہ نکلنے کے دورانیے کا ذمہ دار نہیں۔
- آپ کی ویزا درخواست کو منظور / مسترد کرنے کا فیصلہ صرف سعودی عرب کا مشن / قونصلیٹ کرتا ہے۔
- سعودی عرب کے مشن / قونصلیٹ میں آپ کی ویزر درخواست پر کارروائی کا دورانیہ وہی رہتا ہے اور اِس کا ’نارمل‘ یا ’لاؤنج‘ منتخب کرنے سے کوئی تعلق نہیں۔
- ویزا کا دورانیہ (دنوں کی تعداد) / (سنگل اینٹری / ڈبل اینٹری) صرف سعودی عرب کے مشن / قونصلیٹ کی مرضی پر منحصر ہے۔
- درخواست گزار کی حاصل کردہ دیگر تمام سروسز (متعلقہ ویزا کیٹگری کے لیے ویزا چارجز، Enjaz فیس، ویزا سروس چارجز کے علاوہ) اُس کا اپنا انتخاب ہیں، جن میں سے کوئی بھی سعودی عرب کا ویزا ملنے کے لیے لازمی نہیں۔
- ’’اعتماد‘‘ ویزا سروس سنٹر میں جمع کروائی گئی ہر ایک درخواست پر سروس فیس عائد ہوتی ہے۔ یہ فیس ناقابلِ واپسی ہے اور ایسے درخواست گزاروں پر بھی عائد ہوگی جو ویزا یا Enjaz Fee چارجز کی ادائیگی سے مستثنٰی ہیں۔
- ویزا فیس، Enjaz آئی ٹی فیس اور میڈیکل فیس سعودی MoFA کے ایما پر لی جاتی ہیں۔
- شرحِ تبادلہ کے مطابق فیس میں کمی و بیشی ہوتی رہتی ہے۔ اگر اپائنٹمنٹ کی تاریخ پر فیس میں تبدیلی ہوئی ہے تو پھر فیس میں فرق سنٹر پر وصول کیا جائے گا۔
- اوپر دی گئی ویزا فیس کا اطلاق وزٹ ویزا کیٹگری کے تحت اپلائی کرنے والے امریکی شہریوں پر نہیں ہوتا۔
- اگر درخواست گزار کسی بھی فیس کو پہلے سے ادا شدہ کہے تو اُسے سنٹر میں اپائنٹمنٹ کے وقت ادائیگی کا ثبوت لانا ہوگا۔

## ادائیگی کا طریقہ

| نمبر شمار | ادائیگی کا طریقہ |
| --- | --- |
| 1 | بینک ڈپازٹ |
| 2 | نقد |

## پاسپورٹ وصول کرنے کا طریقہ

اگر آپ نے پروسیسنگ کے لیے اپنا پاسپورٹ ویزا سروس سنٹر میں جمع کروایا ہے تو اِس کے بعد کسی بھی وقت Status of Application کو کلک کر کے اپنی درخواست کا سٹیٹس جان سکتے ہیں۔ جب آپ کی درخواست نمٹا دی جائے اور مشن ویزا دینے کے حوالے سے فیصلہ کر لے تو پاسپورٹ واپس ویزا سروس سنٹر کو بھیج دیا جاتا ہے تا کہ درخواست گزار وہاں سے لے سکے۔

اگر آپ نے اپائنٹمنٹ لیتے وقت یا ویزا سروس سنٹر میں اپنی درخواست جمع کرواتے وقت SMS سروس کی آپشن لی ہے تو اِس کے علاوہ اپنی درخواست کے سٹیٹس کے متعلق ایس ایم ایس میں اپ ڈیٹس بھی موصول ہوں گی۔

## اپنا پاسپورٹ لینے کے لیے:

- اپنے پاسپورٹ لینے کے لیے موزوں وقت پر ویزا سروس سنٹر ریسپشن پر جائیں۔ اس ویب سائیٹ کے "ویزا سروس سنٹر" سیکشن میں اپنے سنٹر کے اوقاتِ کار چیک کریں۔
- براہِ مہربانی اصل انوائس نمار سید ساتھ لائیں جو درخواست جمع کرتے وقت آپ کو دی گئی تھی۔
- اگر ایک نمائندہ یا ٹریول ایجنٹ آپ کا پاسپورٹ وصول کرے گا تو اُنھیں انوائس / رسید کے علاوہ آپ کی جانب سے دستخط کردہ مختار نامہ بھی ساتھ لانا ہو گا۔ آپ "فارمز ڈاؤن لوڈ" سیکشن سے مختار نامے کا فارمیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اوپر دیے گئے دستاویزات پیش کرنے پر آپ کو اپنا پاسپورٹ وصول کرنے کے لیے ویزا سروس سنٹر کے "ڈیلیوری" سیکشن میں بھیجا جائے گا۔
- اگر آپ نے اپنی اپائنٹمنٹ لیتے وقت یا ویزا سروس سنٹر میں درخواست جمع کرواتے وقت "کوریئر سروس" کی آپشن منتخب کی تھی تو درخواست جمع کروانے کے عمل میں آپ کے دیے ہوئے ایڈریس پر پاسپورٹ بھجوایا جائے گا۔

براہِ مہربانی غور کریں کہ آپ کا پاسپورٹ ویزا سروس سنٹر سے 30 دن کے اندر وصول نہ کیا گیا یا فراہم کردہ پتے پر پہنچانے میں کوریئر کمپنی کی دو کوششیں ناکام ہو گئیں تو وہ واپس مشن کو بھیج دیا جائے گا۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی نیچے دی گئی ویب سائیٹ وزٹ کریں:
https://www.etimad.pk/etimad/html/PK/English/visa_information.jsp

## ورک ویزا

### ویزے کی معلومات اور ہدایات

- یہ ویزا سعودی عرب میں کام کرنے والے طویل المدت محنت کشوں کے لیے ہے۔
- درخواست جمع کروانے سے پہلے سعودی عرب میں ایمپلائر کی جانب سے ضروری دستاویزات جاری ہونے چاہئیں۔
- وزارتِ محنت (MoL) محنت کش کی آسامیوں (بلا نام) کے لیے الیکٹرانک طریقے سے اور براہ راست MoFA سسٹم میں منظوریاں دیتی ہے، جب مشن میں درخواست جمع ہو جائے تو اِن آسامیوں کو ناموں سے منسوب کر دیا جاتا ہے۔
- افراد کو علیحدہ وکالۃ / ویزا کاپی دی جاتی ہے۔
- ایجنٹ وکالۃ جاری ہونے کے بعد ایک MoFA نمبر جاری کرے گا اور یہ میڈیکل معائنے کے لیے بطور ریفرنس استعمال ہو گا۔
- ویزے کی اِس کیٹگری کے لیے میڈیکل معائنہ کروانا لازمی ہے۔
- جب محنت کش (ورکرز) سعودی عرب پہنچتے ہیں تو اُنھیں وزارتِ داخلہ (MoI) سے رہائشی پرمٹ (اقامۃ، ورک ویزا کے لیے ایک شناختی دستاویز) حاصل کرنا ہوتا ہے۔

## انجاز (Enjaz) رجسٹریشن کے بارے میں

سعودی عرب میں داخل ہونے کے لیے انجاز رجسٹریشن لازمی ہے۔ رجسٹریشن کا یہ عمل درخواست گزار کے لیے ویزا سروس سنٹر کا سٹاف مکمل کرے گا۔ درخواست گزار کو انجاز فارم پر دستخط کرنے سے قبل معلومات کی درستگی کا اقرار کرنا ہو گا۔

### درخواست دینے کے مراحل:

- درخواست گزار کو چاہیے کہ ویزا کی درخواست دینے سے پہلے ضروری دستاویزات حاصل کر لے۔
- درخواست گزار اِس کے بعد ویزا سروس سنٹر میں ویزا کی درخواست جمع کروا سکتا ہے۔
- درخواست جمع کروانے کے لیے اعتماد ویزا سروس سنٹر سے اپائنٹمنٹ لیں۔
- اپائنٹمنٹ کی تاریخ کو تمام دستاویزات ساتھ لے کر تصدیق کے لیے ویزا سروس سنٹر میں جائیں۔
- اعتماد ویزا سروس سنٹر میں اپنے دستاویزات جمع کروائیں اور بایو میٹرکس معلومات دیں۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی نیچے دی گئی ویب سائیٹ وزٹ کریں:
https://www.etimad.pk/etimad/html/PK/English/visa_information.jsp

## سٹوڈنٹ ویزا

جو انٹر نیشنل سٹوڈنٹس سعودی عرب کے کسی تعلیمی ادارے میں سٹڈی کرنا چاہتے ہیں اُنھیں سٹوڈنٹ ویزا کے لیے درخواست دینا ہو گی۔
سٹوڈنٹس ادارے کی جانب سے قبولیت ملنے کے بعد سعودی سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کریں گے۔
جو طلبا خلیجی تعاون کونسل (GCC) ممالک کے شہری ہیں اُنھیں سعودی عرب میں سٹڈی کرنے کے لیے ویزا لینے کی ضرورت نہیں۔ تمام دیگر طلبا کو ویزا لینا ہو گا۔
سٹوڈنٹ ویزا کے حامل افراد کو سکالرشپس تک بھی رسائی دی جاتی ہے۔

## سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست دینے کا طریقہ

طلبا کو اپنے رہائشی ملک میں سعودی عرب کے سفارت خانے میں سعودی سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کرنا ہو گا۔ طلبا ایک ویزا درخواست فارم پُر کرکے ضروری دستاویزات کے ساتھ جمع کروائیں گے۔ آپ قریب ترین سعودی عرب کے سفارت خانے سے فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

## درکار دستاویزات

- ایک کارآمد پاسپورٹ: یہ کم از کم 12 ماہ تک کارآمد ہو اور اِس میں دو ملحقہ صفحات خالی ہوں۔
- ہائر ایجوکیشن کے سعودی ادارے سے دعوت نامہ اور الیکٹرانک تصدیق نامہ۔
- مقامی پولیس سے کلیئرنس سرٹیفکیٹ۔
- میڈیکل رپورٹس: اِس پر ایک ڈاکٹر کے دستخط اور مہر ہونی چاہیے؛ اور یہ بتایا گیا ہو کہ آپ کسی متعدی بیماری سے پاک ہیں۔
- تعلیمی کوائف: ہائی سکول ڈپلومہ، ڈگری یا سرٹیفکیٹس (تعلیمی لیول کی مناسبت سے)۔
- پیدائشی سرٹیفکیٹ–اصل اور ایک فوٹو کاپی۔
- والدین کی جانب سے تصدیق شدہ اجازت نامہ۔ یہ 18 سال سے کم عمر کے طلبا کے لیے ہے۔
- حالیہ پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر جن کی بیک گراؤنڈ سفید ہو۔ کم از کم تین عدد۔
- ویزا فیس۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی نیچے دی گئی ویب سائیٹ وزٹ کریں:
https://www.etimad.pk/etimad/html/PK/English/visa_information.jsp

## بزنس ویزا

### ویزا کی معلومات اور ہدایات

- یہ ویزا کاروباری افراد کو جاری کیا جاتا ہے جو مارکیٹ کا تجزیہ کرنے، ملک میں سرمایہ کاری اور / یا شراکت کے مواقع تلاش کرنے کے لیے سعودی عرب کا وزٹ کرنا چاہتے ہیں۔
- یہ واحد ایسا ویزا ہے جو سپانسر کی ضرورت کے بغیر جاری کیا جاتا ہے اور صرف سینئر C لیول حکام اور باضابطہ کاروباری اداروں کے سربراہوں کے لیے ہے۔
- ویزے کی مدت 12 ماہ ہے اور درخواست گزار کئی بار سعودی عرب میں جاسکتا ہے۔
- بزنس مین ویزا کے حامل افراد کو اپنی بیوی / بچیوں / شوہر کے لیے بھی ایسکارٹ ویزا اپلائی کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔
- پولیو اور MMR (خسرہ، گلسوئے اور روبیلا) کے لیے ویکسی نیشن کروانا وزٹ ویزوں پر سعودی عرب آنے والے تمام افراد کے لیے لازمی ہے۔

## انجاز (Enjaz) رجسٹریشن کے بارے میں

سعودی عرب میں داخل ہونے کے لیے انجاز رجسٹریشن لازمی ہے۔ رجسٹریشن کا یہ عمل درخواست گزار کے لیے ویزا سروس سنٹر کا سٹاف مکمل کرے گا۔ درخواست گزار کو انجاز فارم پر دستخط کرنے سے قبل معلومات کی درستگی کا اقرار کرنا ہوگا۔

## درخواست دینے کے مراحل:

- درخواست گزار کو چاہیے کہ ویزا کی درخواست دینے سے پہلے ضروری دستاویزات حاصل کرلے۔
- درخواست گزار اِس کے بعد ویزا سروس سنٹر میں ویزا کی درخواست جمع کرواسکتا ہے۔
- درخواست جمع کروانے کے لیے اعتماد ویزا سروس سنٹر سے اپائنٹمنٹ لیں۔
- اپائنٹمنٹ کی تاریخ کو تمام دستاویزات ساتھ لے کر تصدیق کے لیے ویزا سروس سنٹر میں جائیں۔
- اعتماد ویزا سروس سنٹر میں اپنے دستاویزات جمع کروائیں اور بایو میٹرکس معلومات دیں۔

### درکار دستاویزات

1. پاکستان میں چیمبر آف کامرس کی جانب سے جاری کردہ رکنیت سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی۔
2. اُس کی کمپنی کی جانب سے تعارفی لیٹر۔
3. پولیو اور MMR (خسرہ، گلسوئے اور روبیلا) کے لیے ویکسی نیشن کا کارڈ منسلک کریں۔

اسلام آباد مشن کے لیے مندرجہ بالا کے علاوہ یہ دستاویزات بھی درکار ہیں:

1. اصل پاسپورٹ (جو کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو اور جس میں کم از کم دو صفحات خالی ہوں)۔
2. پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم (سفارت خانے سے)۔
3. دو پاسپورٹ سائز تصاویر (سفید / نیلی)۔

### درخواست پر کارروائی کا دورانیہ

جو درخواستیں مِشن والے شہر سے ہی وصول ہوئی ہوں اُن کے لیے دستاویزات اگلے ورکنگ ڈے پر مشن کو بھیجی جاتی ہیں اور کسی اور شہر میں (جہاں مشن موجود نہیں) VSC پر موصول شدہ درخواستوں کے لیے دستاویزات 2 کام کے دنوں میں مشن تک پہنچتی ہیں۔ سعودی عرب کے ویزے کی درخواست پر لگنے والا وقت عموماً آپ کے مہیا کردہ دستاویزات کے مکمل پن اور درستگی پر ہوتا ہے۔ اعتماد دستاویزات مکمل اور درست ہونے کے حوالے سے کوئی ذمہ داری نہیں لیتا۔ ہماری رائے ہے کہ آپ نیچے دیے گئے لنک کی مدد سے اپنی درخواست کا سٹیٹس چیک کریں۔

### ویزا فیس:

| نمبر شمار | فیس کی قسم | چارجز (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|
| 1 | MoFA ویزا فیس (بزنس مَین وزٹ)* | 77620 |
| 2 | MoFA ویزا فیس (بزنس مَین وزٹ، ملٹی پل اینٹری، ایک سال)* | 194050 |
| 3 | MoFA ویزا فیس (بزنس مَین وزٹ، ملٹی پل اینٹری، چھ ماہ)* | 116430 |
| 4 | MoFA ویزا فیس (بزنس مَین وزٹ، ملٹی پل اینٹری، دو سال)* | 310460 |
| 5 | MoFA انجاز فیس* | 1530 |
| 6 | MoFA میڈیکل فیس (اگر اطلاق ہوتا ہے)* | 1530 |
| 7 | سروس فیس–ریگولر اپائنٹمنٹ | 3655 |
| 8 | سیلز ٹیکس برائے ریگولر اپائنٹمنٹ | 549 |
| 9 | لاؤنج سروس فیس | 9129 |
| 10 | سیلز ٹیکس برائے لاؤنج سروس فیس | 1371 |

## تصاویر کے سائز کی تفصیلات:

### تصاویر کے لیے مندرجہ ذیل باتیں ضروری ہیں:

- 2x2 انچ سائز۔
- 06 ماہ سے زائد پرانی نہ ہوں۔
- رنگین تصاویر سفید بیک گراؤنڈ والی ہوں۔
- درخواست گزار کا پورا چہرہ دکھائی دے رہا ہو، چہرے کا رُخ عین کیمرے کی طرف ہو۔ ایک طرف سے یا ترچھے چہرے والی تصاویر قابلِ قبول نہیں ہوں گی۔
- جب ایک سے زائد تصاویر جمع کروائی جانی ہوں تو وہ سب ایک جیسی ہوں۔
- تصاویر کے پیپر کی کوالٹی اچھی ہو۔

### تصویر میں مندرجہ ذیل نقص نہیں ہونے چاہئیں:

- وہ پھٹی ہوئی، چکنائی زدہ یا داغ دار نہ ہوں۔
- کسی بڑے سائز کی تصویر میں سے کاٹ کر مطلوبہ سائز کی نہ کی گئی ہوں۔
- سامنے یا پچھلی طرف کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

## پاسپورٹ وصول کرنے کا طریقہ

اگر آپ نے پروسیسنگ کے لیے اپنا پاسپورٹ ویزا سروس سنٹر میں جمع کروایا ہے تو اِس کے بعد کسی بھی وقت Status of Application کو کلک کر کے اپنی درخواست کا سٹیٹس جان سکتے ہیں۔ جب آپ کی درخواست نمٹا دی جائے اور مشن ویزا دینے کے حوالے سے فیصلہ کر لے تو پاسپورٹ واپس ویزا سروس سنٹر کو بھیج دیا جاتا ہے تاکہ درخواست گزار وہاں سے لے سکے۔

اگر آپ نے اپائنٹمنٹ لیتے وقت یا ویزا سروس سنٹر میں اپنی درخواست جمع کرواتے وقت SMS سروس کی آپشن لی ہے تو اِس کے علاوہ اپنی درخواست کے سٹیٹس کے متعلق ایس ایم ایس میں اپ ڈیٹس بھی موصول ہوں گی۔

## اپنا پاسپورٹ لینے کے لیے:

- اپنے پاسپورٹ لینے کے لیے موزوں وقت پر ویزا سروس سنٹر ریسپشن پر جائیں۔ اس ویب سائیٹ کے "ویزا سروس سنٹر" سیکشن میں اپنے سنٹر کے اوقاتِ کار چیک کریں۔
- براہِ مہربانی اصل انوائس نمار سید ساتھ لائیں جو درخواست جمع کرتے وقت آپ کو دی گئی تھی۔
- اگر ایک نمائندہ یا ٹریول ایجنٹ آپ کا پاسپورٹ وصول کرے گا تو اُنھیں انوائس / رسید کے علاوہ آپ کی جانب سے دستخط کردہ مختار نامہ بھی ساتھ لانا ہو گا۔ آپ "فارمز ڈاؤن لوڈ" سیکشن سے مختار نامے کا فارمیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اوپر دیے گئے دستاویزات پیش کرنے پر آپ کو اپنا پاسپورٹ وصول کرنے کے لیے ویزا سروس سنٹر کے "ڈیلیوری" سیکشن میں بھیجا جائے گا۔
- اگر آپ نے اپنی اپائنٹمنٹ لیتے وقت یا ویزا سروس سنٹر میں درخواست جمع کرواتے وقت "کوریئر سروس" کی آپشن منتخب کی تھی تو درخواست جمع کروانے کے عمل میں آپ کے دیے ہوئے ایڈریس پر پاسپورٹ بھجوایا جائے گا۔

براہِ مہربانی غور کریں کہ آپ کا پاسپورٹ ویزا سروس سنٹر سے 30 دن کے اندر وصول نہ کیا گیا یا فراہم کردہ پتے پر پہنچانے میں کوریئر کمپنی کی دو کوششیں ناکام ہو گئیں تو وہ واپس مشن کو بھیج دیا جائے گا۔

## قواعد و ضوابط برائے سکیورٹی

صرف درخواست گزاروں کو ویزا سروس سنٹر میں آنے کی اجازت ہے، ماسوائے 16 سال سے کم عمر کے بچوں کے جو کسی ذمہ دار بالغ اور معمر درخواست گزار (60 سال سے زائد) ہوں۔ جسمانی معذوری کا شکار درخواست گزاروں کی دیکھ بھال کرنے والے اور سماعت کے مسائل سے دوچار افراد کے لیے انٹرپریٹر بھی آسکتے ہیں۔

سکیورٹی کے مسائل کی وجہ سے مندرجہ ذیل اشیا ویزا سروس سنٹر میں لانے یا اِس کی حدود میں رکھنے کی اجازت نہیں۔ سکیورٹی سٹاف مجاز ہے کہ وہ دیگر اشیا لانے سے بھی روک دے:

- تمام بیٹری سے چلنے والے یا الیکٹرانک آلات جیسے کیمرے، آڈیو / ویڈیو کیسٹ، سی ڈیز، MP3's، فلاپیاں، لیپ ٹاپ یا پورٹیبل میوزک پلیئرز۔
- تمام تھیلے، جیسے ٹریول بیگز، بیک پیک، بریف کیس، سُوٹ کیس، چمڑے، پٹ سن یا کپڑے کے تھیلے اور زِپ فولڈرز۔ صرف ایک پلاسٹک بیگ لانے کی اجازت ہے جس میں آپ کی درخواست سے متعلقہ دستاویزات ہوں۔
- سِیل بند لفافے یا پیکٹ۔
- کوئی بھی آتش گیر چیز، جیسے ماچس، لائٹر، ایندھن، وغیرہ۔
- کوئی بھی تیز دھار چیز، جیسے قینچی، پین نما چاقو یا ناخن والی ریتی۔
- ہتھیار یا ہتھیار نما اشیا یا کسی بھی قسم کا دھماکہ خیز مواد۔

نوٹ: ویزا سروس سنٹر میں ممنوعہ اشیا رکھنے کی کوئی سہولت موجود نہیں۔ درخواست گزاروں سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سامان کی حفاظت کے لیے کوئی متبادل انتظامات کریں۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی نیچے دی گئی ویب سائیٹ وزٹ کریں:
https://www.etimad.pk/etimad/html/PK/English/visa_information.jsp

## فیملی ویزا

### ویزا کی معلومات اور ہدایات

- فیملی ویزا سعودی عرب میں کام کرنے اور رہنے والے افراد اہل خانہ اور رشتے داروں کو مختصر مدت کے وزٹ کے لیے جاری کیا جاتا ہے۔
- اِس کیٹگری کے تحت ویزے کے لیے اپلائی کرنے والے درخواست گزاروں کو سعودی عرب میں مقیم سپانسر کی تفصیلات دینا ہوں گی، بشمول:
- الیکٹرانک وکالۃ (ویزا سلپ)۔
- سپانسر کے پاسپورٹ کی کاپی (پہلا اور آخری صفحہ) جس میں پاسپورٹ پر بیوی / شوہر کا نام لکھا ہو، اور بچوں کے لیے تصدیق شدہ پیدائشی سرٹیفکیٹ کی اصل اور فوٹو کاپی ضروری ہے (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
- پولیو اور MMR (خسرہ، گلسوئے اور روبیلا) کے لیے ویکسی نیشن کروانا وزٹ ویزوں پر سعودی عرب آنے والے تمام افراد کے لیے لازمی ہے۔

## انجاز (Enjaz) رجسٹریشن کے بارے میں

سعودی عرب میں داخل ہونے کے لیے انجاز رجسٹریشن لازمی ہے۔ رجسٹریشن کا یہ عمل درخواست گزار کے لیے ویزا سروس سنٹر کا سٹاف مکمل کرے گا۔ درخواست گزار کو انجاز فارم پر دستخط کرنے سے قبل معلومات کی درستگی کا اقرار کرنا ہوگا۔

## درخواست دینے کے مراحل:

- درخواست گزار کو چاہیے کہ ویزا کی درخواست دینے سے پہلے ضروری دستاویزات حاصل کر لے۔
- درخواست گزار اِس کے بعد ویزا سروس سنٹر میں ویزا کی درخواست جمع کروا سکتا ہے۔
- درخواست جمع کروانے کے لیے اعتماد ویزا سروس سنٹر سے اپائنٹمنٹ لیں۔
- اپائنٹمنٹ کی تاریخ کو تمام دستاویزات ساتھ لے کر تصدیق کے لیے ویزا سروس سنٹر میں جائیں۔
- اعتماد ویزا سروس سنٹر میں اپنے دستاویزات جمع کروائیں اور بایو میٹرکس معلومات دیں۔

### درکار دستاویزات

رشتے داری کے ثبوت کی کسی تصدیق کی ضرورت نہیں۔

1. فیملی وزٹ پرمٹ کے لیے وزارت خارجہ امور، سعودی عرب کی جانب سے جاری کردہ pre-approval کی کاپی۔
2. رشتے کا ثبوت (مثلاً شادی شدہ افراد کے لیے نکاح نامہ اور بچوں کے لیے پیدائشی سرٹیفکیٹ)۔
3. جن اقاموں پر میعاد ختم ہونے کی تاریخ درج نہیں اور صرف اجرا کی تاریخ ہے، اُن کے ہمراہ جوازۃ پرنٹ ہونا چاہیے جس پر اُس شخص کے اقامۃ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ دی گئی ہوتی ہے۔
4. درخواست گزار کا اصل پاسپورٹ۔
5. دو پاسپورٹ سائز تصاویر۔
6. پولیو اور MMR (خسرہ، گلسوئے اور روبیلا) کے لیے ویکسی نیشن کا کارڈ منسلک کریں۔

7. جن کیسز میں داماد نے اپنے سسرالیوں کے لیے ویزا بھیجا ہو، وہاں اصل تصدیق شدہ نکاح نامہ ضروری ہے جس میں داماد اور بیٹی دونوں کے نام واضح طور پر درج ہونے چاہئیں۔

### اسلام آباد مشن کے لیے مندرجہ بالا کے علاوہ یہ دستاویزات بھی درکار ہیں:

1. نکاح نامہ اور فارم "ب" جو دفتر خارجہ سے تصدیق شدہ ہو۔
2. سپانسر کرنے والے کے کارآمد پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کی کاپی۔
3. اصل پاسپورٹ (جو کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو اور جس میں کم از کم دو صفحات خالی ہوں)۔
4. پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم (سفارت خانے سے)۔
5. دو پاسپورٹ سائز تصاویر (سفید/نیلی)۔

### درخواست پر کارروائی کا دورانیہ

جو درخواستیں مِشن والے شہر سے ہی وصول ہوئی ہوں اُن کے لیے دستاویزات اگلے ورکنگ ڈے پر مشن کو بھیجی جاتی ہیں اور کسی اور شہر میں (جہاں مشن موجود نہیں) VSC پر موصول شدہ درخواستوں کے لیے دستاویزات 2 کام کے دنوں میں مشن تک پہنچتی ہیں۔ سعودی عرب کے ویزے کی درخواست پر لگنے والا وقت عموماً آپ کے مہیا کردہ دستاویزات کے مکمل پن اور درستگی پر ہوتا ہے۔ اعتماد دستاویزات مکمل اور درست ہونے کے حوالے سے کوئی ذمہ داری نہیں لیتا۔ ہماری رائے ہے کہ آپ نیچے دیے گئے لنک کی مدد سے اپنی درخواست کا سٹیٹس چیک کریں۔

| نمبر شمار | فیس کی قسم | چارجز (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|
| 1 | MoFA ویزا فیس (فیملی وزٹ)* | 77620 |
| 2 | MoFA ویزا فیس (فیملی وزٹ، ملٹی پل اینٹری، چھ ماہ)* | 116430 |
| 3 | MoFA ویزا فیس (فیملی وزٹ، ملٹی پل اینٹری، ایک سال)* | 194050 |
| 4 | MoFA ویزا فیس (فیملی وزٹ، ملٹی پل اینٹری، دو سال)* | 310460 |
| 5 | MoFA انجاز فیس* | 1530 |
| 6 | MoFA میڈیکل فیس (اگر اطلاق ہوتا ہے)* | 1530 |
| 7 | سروس فیس–ریگولر اپائنٹمنٹ | 3655 |
| 8 | سیلز ٹیکس برائے ریگولر اپائنٹمنٹ | 549 |
| 9 | لاؤنج سروس فیس | 9129 |
| 10 | سیلز ٹیکس برائے لاؤنج سروس فیس | 1371 |

## تصاویر کے سائز کی تفصیلات:

### تصاویر کے لیے مندرجہ ذیل باتیں ضروری ہیں:

- 2x2انچ سائز۔
- 06ماہ سے زائد پرانی نہ ہوں۔
- رنگین تصاویر سفید بیک گراؤنڈ والی ہوں۔
- درخواست گزار کا پورا چہرہ دکھائی دے رہا ہو، چہرے کا رُخ عین کیمرے کی طرف ہو۔ ایک طرف سے یا ترچھے چہرے والی تصاویر قابلِ قبول نہیں ہوں گی۔
- جب ایک سے زائد تصاویر جمع کروائی جانی ہوں تو وہ سب ایک جیسی ہوں۔
- تصاویر کے پیپر کی کوالٹی اچھی ہو۔

### تصویر میں مندرجہ ذیل نقص نہیں ہونے چاہئیں:

- وہ پھٹی ہوئی، چکنائی زدہ یا داغ دار نہ ہوں۔
- کسی بڑے سائز کی تصویر میں سے کاٹ کر مطلوبہ سائز کی نہ کی گئی ہوں۔
- سامنے یا پچھلی طرف کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

## پاسپورٹ وصول کرنے کا طریقہ

اگر آپ نے پروسیسنگ کے لیے اپنا پاسپورٹ ویزا سروس سنٹر میں جمع کروایا ہے تو اِس کے بعد کسی بھی وقت Status of Application کو کلک کر کے اپنی درخواست کا سٹیٹس جان سکتے ہیں۔ جب آپ کی درخواست نمٹا دی جائے اور مشن ویزا دینے کے حوالے سے فیصلہ کر لے تو پاسپورٹ واپس ویزا سروس سنٹر کو بھیج دیا جاتا ہے تا کہ درخواست گزار وہاں سے لے سکے۔

اگر آپ نے اپائنٹمنٹ لیتے وقت یا ویزا سروس سنٹر میں اپنی درخواست جمع کرواتے وقت SMS سروس کی آپشن لی ہے تو اِس کے علاوہ اپنی درخواست کے سٹیٹس کے متعلق ایس ایم ایس میں اپ ڈیٹس بھی موصول ہوں گی۔

## اپنا پاسپورٹ لینے کے لیے:

- اپنے پاسپورٹ لینے کے لیے موزوں وقت پر ویزا سروس سنٹر ریسپشن پر جائیں۔ اس ویب سائیٹ کے "ویزا سروس سنٹر" سیکشن میں اپنے سنٹر کے اوقاتِ کار چیک کریں۔
- براہِ مہربانی اصل انوائس نما رسید ساتھ لائیں جو درخواست جمع کرتے وقت آپ کو دی گئی تھی۔
- اگر ایک نمائندہ یا ٹریول ایجنٹ آپ کا پاسپورٹ وصول کرے گا تو اُنھیں انوائس / رسید کے علاوہ آپ کی جانب سے دستخط کردہ مختار نامہ بھی ساتھ لانا ہو گا۔ آپ "فارمز ڈاؤن لوڈ" سیکشن سے مختار نامے کا فارمیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اوپر دیے گئے دستاویزات پیش کرنے پر آپ کو اپنا پاسپورٹ وصول کرنے کے لیے ویزا سروس سنٹر کے "ڈیلیوری" سیکشن میں بھیجا جائے گا۔

- اگر آپ نے اپنی اپائنٹمنٹ لیتے وقت یا ویزا سروس سنٹر میں درخواست جمع کرواتے وقت "کوریئر سروس" کی آپشن منتخب کی تھی تو درخواست جمع کروانے کے عمل میں آپ کے دیے ہوئے ایڈریس پر پاسپورٹ بھجوایا جائے گا۔

براہِ مہربانی غور کریں کہ آپ کا پاسپورٹ ویزا سروس سنٹر سے 30 دن کے اندر وصول نہ کیا گیا یا فراہم کردہ پتے پر پہنچانے میں کوریئر کمپنی کی دو کوششیں ناکام ہو گئیں تو وہ واپس مشن کو بھیج دیا جائے گا۔

## قواعد و ضوابط برائے سکیورٹی

صرف درخواست گزاروں کو ویزا سروس سنٹر میں آنے کی اجازت ہے، ماسوائے 16 سال سے کم عمر کے بچوں کے جو کسی ذمہ دار بالغ اور معمر درخواست گزار (60 سال سے زائد) ہوں۔ جسمانی معذوری کا شکار درخواست گزاروں کی دیکھ بھال کرنے والے اور سماعت کے مسائل سے دوچار افراد کے لیے انٹرپریٹر بھی آسکتے ہیں۔
سکیورٹی کے مسائل کی وجہ سے مندرجہ ذیل اشیا ویزا سروس سنٹر میں لانے یا اِس کی حدود میں رکھنے کی اجازت نہیں۔ سکیورٹی سٹاف مجاز ہے کہ وہ دیگر اشیا لانے سے بھی روک دے:

- تمام بیٹری سے چلنے والے یا الیکٹرانک آلات جیسے کیمرے، آڈیو / ویڈیو کیسٹ، سی ڈیز، MP3's، فلاپیاں، لیپ ٹاپ یا پورٹیبل میوزک پلیئرز۔
- تمام تھیلے، جیسے ٹریول بیگ، بیک پیک، بریف کیس، سُوٹ کیس، چمڑے، پٹ سن یا کپڑے کے تھیلے اور زِپ فولڈرز۔ صرف ایک پلاسٹک بیگ لانے کی اجازت ہے جس میں آپ کی درخواست سے متعلقہ دستاویزات ہوں۔
- سِیل بند لفافے یا پیکٹ۔
- کوئی بھی آتش گیر چیز، جیسے ماچس، لائٹر، ایندھن، وغیرہ۔
- کوئی بھی تیز دھار چیز، جیسے قینچی، پین نما چاقو یا ناخن والی ریتی۔
- ہتھیار یا ہتھیار نما اشیا یا کسی بھی قسم کا دھماکہ خیز مواد۔

**نوٹ:** ویزا سروس سنٹر میں ممنوعہ اشیا رکھنے کی کوئی سہولت موجود نہیں۔ درخواست گزاروں سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سامان کی حفاظت کے لیے کوئی متبادل انتظامات کریں۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی نیچے دی گئی ویب سائیٹ وزٹ کریں:
https://www.etimad.pk/etimad/html/PK/English/visa_information.jsp